گروپ سیکنڈ	SSC (Part - I)	02 - S6000 +12000	رول نمبر
(2020 - 22) to (2022 - 24) سیشن	وقت 2:10 گھنٹے کل نمبر : 60	Ist - A - Exam 2023	اُردو لازمی (انشائیہ)

حصہ اول

﴿ ہدایات ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجیے۔ ☆

سوال نمبر 2 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) حصہ نظم (10)=2x5

(الف) ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ — ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے

(ب) قبضہ ہو دلوں پر کیا اور اس سے سوا تیرا — اک بندۂ نافرماں ہے حمد سرا تیرا

(ج) کیا کیا رکھے ہے یا رب، سامان تیری قدرت — بدلے ہے رنگ کیا کیا ہر آن تیری قدرت

(د) جو بے داغ لالہ، جو بے خار گل ہے — وہ تو ہے، وہ تو ہے، وہ تو ہے، وہ تو ہے

حصہ غزل

(الف) ہم کو اُن سے، وفا کی ہے اُمید — جو نہیں جانتے، وفا کیا ہے؟

(ب) بلبل کو باغباں سے نہ صیاد سے گلہ — قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

(ج) بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں — حالت اب اضطراب کی سی ہے

حصہ دوم

سوال نمبر 3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (10) = 5+5

(الف) گو تم نے مجھ کو سلام نہیں کیا لیکن ضرور ہے کہ میں تم کو دُعا دوں۔ جیتے رہو، عمر دراز، خدا نیک ہدایت دے۔ اُن کا یہ کہنا تھا کہ میں غیرت کے مارے زمین میں گڑ گیا اور فوراً میں نے اُٹھ کر نہایت ادب کے ساتھ سلام کیا۔ تب 'حضرت بی' نے فرمایا: بیٹا! بُرا مت ماننا، یہ بھلے مانسوں کا دستور ہے کہ اپنے سے جو بڑا ہوتا ہے اس کو سلام کیا کرتے ہیں۔

(ب) طرفین کے بیانوں سے واضح تھا کہ تنازع بہت خفیف ہے اور یہ کہ دو طرفہ طوفان کا حدود اربعہ ایک چائے کی پیالی میں سما سکتا ہے۔ علی بخش اس لئے ناخوش تھا کہ اُسے دیہاتی کہا گیا تھا اور سلیم میاں اس بات پر برہم تھے کہ علی بخش کی غلطی کی وجہ سے امجد نے انہیں دیہاتی سمجھا ہوگا۔ ہمارے نزدیک دیہاتی ہونا یا سمجھا جانا ایسی ناقابل برداشت قباحت نہ تھی۔

سوال نمبر 4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10) = 2 x 5

(i) سراقہ بن جعشم کیسے تائب ہوا؟ (ii) دوستوں کو دیکھ کر غالب کی حالت کیا ہوتی تھی؟

(iii) سرسید احمد خان کی کوئی دو تصانیف کے نام لکھیے۔ (iv) شیخ جمن نے فیصلہ سُناتے ہوئے انصاف کے اصولوں کو کہاں تک پورا کیا؟

(v) روزانہ آرام دہ [illegible] تو اس کا کیا نتیجہ نکلتا ہے؟ (vi) " مخمس نظم " سے کیا مراد ہے؟

(vii) حمد میں شاعر نے اللہ تعالیٰ کی کون کون سی صفات بیان کی ہیں؟ (viii) " کلیاتِ ظفر " میں کون کون سی زبانوں کے حامل اشعار ہیں؟

سوال نمبر 5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) پنچائیت (ii) ملی پرندے اور دوسرے جانور (5)

سوال نمبر 6 نظم " پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ " کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (5) = 1 + 4

سوال نمبر 7 چچا کے نام خط لکھیے جس میں چچی کی بیماری اور اس کی مزاج پرسی کا ذکر کیا گیا ہو۔ (10)

یا

ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کی خدمت میں فیس معافی کے لئے درخواست تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 8 دو ہم جماعت طالب علموں کے درمیان پڑھائی کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ (5)

یا

" کوے کا انتقام " کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 9 درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ (5)

(i) میں نے کتاب پڑھنا ہے۔ (ii) حمزہ نے خط کو لکھا۔ (iii) ہم نے حج کرنا ہے۔

(iv) چور کی داڑھی میں چاول کا دانہ۔ (v) ماروں گھٹنا پھوٹے ناک۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) اُلٹے بانس .... کو۔ (ii) باسی کڑھی میں .... آیا۔

(iii) آپ آئے .... آئے۔ (iv) حساب جو جو .... سو (v) خدمت سے .... ہے۔

☆☆☆☆☆